BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

28 فروری 2019

سوِک سنٹر میں نیا سروس برامپٹن سنٹر اب کھل گیا ہے

برامپٹن، آن - آج سے ایک نیا سروس برامپٹن سنٹر بمقام سوِک سنٹر واقع 150 سنٹر ڈرائیو میں باضابطہ طور پر کھول دیا گیا ہے۔

یہ سنٹر، سٹی ہال سے باہر موجود اپنی نوعیت کا پہلا اِن پرسن سروس برامپٹن سنٹر ہے۔ سوِک سنٹر میں موجود سروس برامپٹن سنٹر معلومات اور سٹی کی سروسز کے حصول کا ایک دوسرا آسان اور متبادل طریقہ ہے۔

شہری اپنی مطلوبہ سٹی سروسز کی درخواست کرنے اور موقع پر نمٹائے جانے والے کچھ معاملات مثلاً تفریحی مراکز کی رجسٹریشن، پارکنگ ٹکٹ کی ادائیگیوں اور تھیٹر کی ٹِکٹوں کی خریداری وغیرہ کے لیے اس مرکز میں تشریف لے جا سکتے ہیں۔ اس نئے مقام پر صرف کریڈٹ، ڈیبِٹ یا چیک کے ذریعے ہی ادائیگیاں قبول کی جائیں گی۔ نقد ادائیگیاں سٹی ہال میں کی جا سکتی ہیں۔ موجودہ اوقات کار پیر تا جمعہ، صبح 9 تا شام 5 بجے تک ہیں۔

سٹی کی خدمات اور معلومات ہفتے کے 7 دن 24 گھنٹے 311 پر بذریعہ فون یا www.brampton.ca پر آن لائن دستیاب ہوتی ہیں۔ سٹی ہال اور سِوک سنٹر میں موجود سروس برامپٹن سنٹرز کو ان مقامات پر آنے والے سیاحوں کے لیے تجربہ بہتر بنانے اور بالمشافہ خدمات کو ترجیح دینے والے رہائشیوں کے لیے ایک انتخاب فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔

آنے والے سالوں میں سروس برامپٹن سنٹرز کی شہر کی دیگر سہولت گاہوں تک مزید توسیع متوقع ہے، تاکہ رہائشیوں کو مزید بالمشافہ رسائی فراہم کی جا سکے۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca